## دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہیکا تھون مقابلہ 'ہیک۔جے ایم آئی' کا افتتاح

New Delhi, February 10, 2026

آئی ای ای ای، جے ایم آئی اسٹوڈینٹ برانچ کے مورخہ چھ فروری دو ہزار چھبیس کو چوتھے ہیک جے ایم آئی کے افتتاح کے ساتھ ہی جدت و اختراعیت، مسئلے کے حل اور اشتراکی آموزش کے دلچسپ سفر کا آغاز ہوا۔

ہیک جے ایم آئی پروگرام کا افتتاح مہمان خصوصی پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کیا۔

اپنی تقریر میں پروفیسر رضوی نے چوتھی مرتبہ پروگرام کے انعقاد کے لیے آئی ای ای ای جامعہ ملیہ اسلامیہ کی طلبہ ٹیم اور فیکلٹی مشیر کو مبارک باد دی۔ پروفیسر رضوی نے کہا کہ اس نوع کے پروگرام اور مقابلے کی دعوت سے ہماری روزمرہ کی زندگی سے منسلک مسائل کے اختراعی حل کی فراہمی کے سلسلے میں نئے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم مہیا ہوگا۔انہوں نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ سائبر کے خطرات، توانائی اور کیمپس سیکوریٹی کے معاملات میں جامعہ کو زیادہ خودکار بنانے کے لیے اختراعی حل لے کر سامنے آئیں۔

پروفیسر احتشام الحق، برانچ کونسلر، آئی ای ای ای جامعہ ملیہ اسلامیہ اور کارگزار کنٹرولر امتحانات نے مہمان خصوصی اور فیکلٹی اراکین و طلبہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جانب سے اس نوعیت کے پروگرام منعقد کرنے کے سلسلے میں سازگار اور مناسب علمی ماحول کی فراہمی کے لیے ان کے قائدانہ رول کی تعریف کی۔ پروفیسر حق نے بتایا کہ مقابلہ ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر دونوں ہی فارم میں اوپن ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد شریف، ڈین، فیکلٹی آف انجینئرنگ پروگرام کے مہمان اعزازی تھے۔اپنی گفتگو میں انہوں نے بھی اس طرح کے پروگراموں کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا۔

پروفیسر شبانہ محفوظ، سی پی آئی او جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر شعبہ الیکٹریکل انجینئرنگ نے طلبہ کے لیے نیک خواہشات کے اظہار کے ساتھ چند اہم کوڈنگ اشارے بھی بتائے۔

پروفیسر شکیب اے خان، پرووسٹ بوائز ہاسٹل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا کہ طلبہ کی ترقی کے لیے کلاس روم ٹیچنگ سے

ماوراالطلاقی پروگراموں کی کافی اہمیت ہے۔

پروفیسر صائمہ بانو، پروفیسر انچارج آر سی اے اور صدر شعبہ نفسیات نے پروگرام کے منتظمین کی کوششوں کی تعریف کی۔

پروگرام میں پروفیسر امینہ حسین، سی پی آئی او (امتحانات) جامعہ ملیہ اسلامیہ اور اسسٹنٹ پروفیسر، سروجنی نائیڈو سینٹر فار وومین اسٹڈیز، ڈاکٹر مشیر احمد، اعزازی کنٹرولر آف امتحانات اور ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ کمپیوٹر انجینئرنگ بھی شریک ہوئے۔

ان کی بصیرت اور تعاون نے جدت واختراعیت، بین علومی اشتراک اور طلبہ کے ذریعے چلنے والے تکنیکی اقدامات کو اجاگر کیا۔

ہیک جے ایم آئی ایک متحرک پلیٹ فارم کے طور پر ارتقا پذیر ہے جو موثر حل تیار کرنے کے لیے تخلیقی ذہنوں کو ایک ساتھ لاتا ہے اور جو کوڈنگ سے ماوراڈیزائن تھنکنگ، ٹیم ورک اور حقیقی دنیا کے مسائل کو حل کرنے کے رویے کو فروغ دیتا ہے۔

مقابلے میں شرکت کے لیے درخواست دینے کی آخری تاریخ چوبیس فروری دو ہزار چھبیس ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ